# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 23 March 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۳/مارچ ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ اِسرو کے خلائی جہاز R L V Pushpak کا کامیابی سے زمین پر نزول

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کو بھوٹان کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز سے نوازا گیا

☆ میں کسی بھی چُناؤ میں حصہ نہیں لے رہا ہوں‘ سینئر رہنما شرد پوار کا اعادہ

☆ چھترپتی سنبھاجی نگر کے 18 محصول منڈلوں میں خشک سالی کا اعلان

اور

☆ IPL کرکٹ مقابلوں کا آغاز‘ رائل چیلنجرس بنگلورو کو شکست دے کر چنئی سوپر کنگز فاتح

اب خبریں تفصیل سے...

بھارتی خلائی تحقیقی اِدارے اِسرو نے کل آر ایل وی پُشپک نامی دوبارہ قابل استعمال سیٹالائٹ لانچ وہیکل کو کامیابی کے ساتھ زمین پر اُتارا۔ یہ مہم کرناٹک کے چتردرگ آزمائشی مرکز پر کامیابی سے مکمل کی گئی۔ اِسرو کے چیئرمین سوم ناتھ نے خودکار طریقے سے خلائی جہاز کو چلانے ‘ اُتارنے اور ایندھن فراہم کرنے پر اِس مِشن پر مامور ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے بھی اِس کامیابی پر اِسرو کے سائنسدانوں کو تہنیت پیش کی ہے۔

***** ***** *****

دہلی کے وزیر اعلیٰ اروِند کیجر یوال کو شراب بدعنوانی کے ایک معاملے میں گرفتار کیا گیا ہے انہیں عدالت نے آئندہ 28 مارچ تک انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ۔ای ڈی کی تحویل میں دے دیا ہے۔ کیجر یوال کو کل دِلّی کے راؤس ایوینیو عدالت میں پیش کیا گیا۔عدالت میں بحث کے دوران ED کے افسران نے شراب بدعنوانی معاملے میں اُنہیں ماسٹر مائنڈ بتایا اور الزام عائد کیا کہ شراب پالیسی سے حاصل ہونے والی رقم کا گوا انتخابات میں استعمال کیا گیا۔ ED نے کیجر یوال کو 10 دن کی ED تحویل میں دینے کا عدالت سے مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

سینئر سماجی کارکن انناہزارے نے اِس معاملے میں سخت ردّعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ کیجر یوال کو اُن کے کرتوتوں کی وجہ سے گرفتار کیا گیا ہے۔ ہزارے کل احمد نگر میں صحافیوں سے بات چیت کررہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ ایک وقت میرے ساتھ کام کرنے والے اور شراب مخالف کیجر یوال کو شراب کے لیے پالیسیاں بناتے ہوئے دیکھ کر اُنہیں دکھ ہوا ہے۔

اِسی بیچ دہلی ہائی کورٹ میں مفادِ عامّہ کی ایک درخواست دائر کی گئی ہے جس میں کیجر یوال کو دہلی کے وزیر اعلیٰ عہدے سے ہٹانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ سماجی کارکن سُرجیت سنگھ یادو نے یہ عرضی داخل کی ہے۔

***** ***** *****

سپریم کورٹ نے دِلّی ایکسائز پالیسی بدعنوانی معاملے میں گرفتار بھارت راشٹر سمیتی کی رہنما کے کویتھا کی طرف سے دائر ضمانت کی درخواست پر غور کرنے سے انکار کر دیا ہے اور ضمانت کے لیے نچلی عدالت سے رجوع کرنے کی ہدایت دی ہے۔ عدالت نے کہا ہے کہ سیاسی شخصیت ہونے کی بناء پر کسی کو بھی براہ راست ضمانت کے لیے سپریم کوٹ آنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ سب کو قانون کے مطابق طریقہ کار پر عمل کرنا ہوگا۔ عدالت کے اِس فیصلے کے بعد کیجر یوال نے اپنی گرفتاری کے خلاف سپریم کورٹ میں داخل اپنی درخواست واپس لے لی۔

***** ***** *****

کیجر یوال کی گرفتاری کے بعد مخالف جماعتوں نے انتخابی کمیشن سے اِس معاملے میں مداخلت کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ کانگریس کے قائد ابھیشیک منوسنگھوی نے کل ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ حزب اختلاف کے وفد نے انتخابی کمیشن سے ملاقات کی ہے اور مداخلت کی مانگ کی ہے۔ اِس وفد میں کانگریس ، ترنمول کانگریس ، ڈی ایم کے ، سماج وادی اور بائیں بازو کی جماعتوں کے رہنما شامل تھے۔

***** ***** *****

اِسی دوران عام آدمی پارٹی کے قائد اور کارکنان نے کیجر یوال کی گرفتاری کے خلاف دہلی اور دیگر مقامات پر احتجاج کیا۔ عام آدمی پارٹی کے کارکنوں نے کل ناسک ضلع کلکٹر دفتر کے روبرو نعرے بازی کی۔ ٹائر جلائے اور احتجاج کیا۔ پارٹی کارکنان نے اِس گرفتاری کے خلاف دھولیہ اور شولاپور میں بھی احتجاج کیا۔ وہیں جالنہ میں بھی عام آدمی پارٹی کے ضلع صدر سنجوگ ہواڑے سمیت دیگر کارکنان نے کیجر یوال کی گرفتاری کی مخالفت کی اور احتجاج کیا۔ چھترپتی سنبھاجی نگر میں بھی پارٹی کی جانب سے کلکٹر دفتر کے روبرو آندولن کیا گیا۔ اِس دوران پولس نے 3 / افراد کو گرفتار کیا ہے۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے لیے بھارتیہ جنتا پارٹی نے کل 15 / امیدواروں پر مشتمل چوتھی فہرست کا اعلان کیا ہے۔ اِس میں تامل ناڈو اور پدوچیری کے امیدواروں کے نام شامل ہے۔ اِسی بیچ مہایوتی اتحاد کے کئی رہنماؤں نے کل ممبئی میں نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی سرکاری رہائش گاہ ساگر پر میٹنگ کا انعقاد کیا۔ مہایوتی کی انتخابی کمیٹی کا بھی وہیں اجلاس ہوا۔ بی جے پی نے ریاست میں 20 / امیدواروں کا اعلان کیا ہے۔ مہایوتی کی بقیہ 28 / نشستوں کی تقسیم ابھی باقی ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی کو بھوٹان کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز The Order of the Druk Gyalpo سے نوازا گیا۔ بھوٹان کے بادشاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگ چک نے تھمپو میں منعقدہ تقریب کے دوران مودی کو یہ ایوارڈ پیش کیا۔ اِس موقعے پر وزیر اعظم نے کہا کہ یہ ایوارڈ بھارت اور بھارت کے عوام کے لیے فخر کی بات ہے اور وہ ملک کے عوام کی جانب سے یہ اعزاز قبول کررہے ہیں۔

***** ***** *****

سینئر قائد شرد پوار نے کہا ہے کہ وہ کسی بھی چُناؤ میں حصہ نہیں لے رہے ہیں ۔کل بارامتی میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات دہرائی ۔ پوار نے بتایا کہ مہاوِکاس آگھاڑی میں نشستوں کی تقسیم پر بات چیت ابھی جارہی ہے ۔انہوں نے اِس موقعے پر دہلی کے وزیراعلیٰ اروند کیجریوال کی گرفتاری پر بھی تنقید کی ۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے پیش نظر راشٹروادی کانگریس پارٹی اجیت پوار گروپ نے ایک انتخابی منشور کمیٹی تشکیل دی ہے ۔20/اراکین پر مشتمل اِس کمیٹی کے سربراہ امداد باہمی کے ریاستی وزیر دلیپ وڑسے پاٹل ہوں گے ۔کمیٹی کے اراکین میں دھننجئے مُنڈے ‘ انیل پاٹل ‘ ادیتی تٹکرے اور ہری جھِروڑ وغیرہ شامل ہیں ۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

کل ہرطرف پانی کا عالمی دن منایا گیا ۔ ’’ اَمن کے لیے پانی ‘‘ اِس برس کے عالمی پانی دن کا نظریہ ہے ۔چھترپتی سنبھاجی نگر میں کل صبح مہاراشٹر لائف اتھاریٹی کی جانب سے پانی سے متعلق بیداری کے لیے جلوس نکالا گیا ۔ اِس میں شہریان اور سماجی اداروں کے کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی ۔

اِسی طرح دھاراشیو میں لائف اتھاریٹی کے افسران و ملازمین نے پانی سے متعلق عہد لیا ۔ پانی سے متعلق بیداری کے لیے شہر میں ریلی نکالی گئی ۔ ہمارے نمائندے نے بتایا کہ اِس موقعے پر شہر میں پانی کے استعمال ‘ کفایت شعاری اور صفائی کے موضوع پر لیکچر بھی منعقد کیا گیا ۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے چھترپتی سنبھاجی نگر تعلقے کے 14/ سوئیگاؤں تعلقے کے 4/سمیت کُل 18/محصول منڈلوں میں شدید خشک سالی کا اعلان کیا گیا ہے۔ساتھ ہی دیگر تعلقہ جات کے 50/محصول منڈلوں میں خشک سالی جیسی صورتحال ظاہر کی گئی ہے۔ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے قحط سالی سے متاثرہ اِن دیہاتوں میں حالات سے نمٹنے کے لیے اقدامات کرنے اور مراعات نافذ کرنے کی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع پریشد کے CEO وِنئے مون نے کل ضلع میں پانی کی کمی کے معاملے میں ایک جائزاتی میٹنگ کا انعقاد کیا۔اِس موقعے پر پانی کی کمی کی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ایکشن پلان کا جائزہ لیا گیا۔فی الحال ضلعے میں 10/خانگی کنویں تحویل میں لے کر آب رسانی کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے میں فی الحال 12/دیہاتوں میں 21/ٹینکروں کی مدد سے آب رسانی کی جارہی ہے۔وہیں 270/کنویں تحویل میں لے کر 140/دیہاتوں کو پانی فراہم کیا جارہا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے سے لوک سبھا انتخابات کے لیے بی جے پی کی جانب سے پنکجا منڈے کے نام کے اعلان کے بعد کل ضلع میں اُن کا پُر جوش استقبال کیا گیا۔انھوں نے کل دھامن گاؤں میں انتخابی مہم چلائی اِس موقعے پر منڈے نے بتایا کہ انھوں نے ذات پات کی نہیں بلکہ ترقی کی سیاست کی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ کی ضلع کلکٹر دیپا مُدھوڑ مُنڈے نے کہا ہے کہ رائے دہی سے ہی جمہوریت مضبوط ہوگی۔بیڑ ضلعے میں چوتھے مرحلے کے دوران 13/مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔انھوں نے تمام رائے دہندگان سے انتخابی عمل میں شامل ہونے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ کے ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے ہدایت دی ہے کہ انتخابات کے دوران معذوروں کو کسی بھی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اِس کے لیے انتخابی مراکز پر سہولیات فراہم کی جائیں۔ وہ کل انتخابی کنٹرول کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے معذور رائے دہندگان کی مدد کے لیے رضا کار بھرتی کرنے کی بھی ہدایت دی ہے۔ راؤت نے بتایا کہ ضلعے میں پُرامن انتخابات کے لیے نیم فوجی دستے بھی تعینات کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

اِنڈین پریمئر لیگ IPL کرکٹ مقابلوں کا کل سے آغاز ہو چکا ہے۔ چنئی کے ایم اے چدمبرم اسپورٹس کامپلیکس میں کھیلے گئے افتتاحی میچ میں کل چنئی سوپر کنگز نے رائل چیلنجرس بنگلورو کی ٹیم کو 6 / وکٹوں سے شکست دے دی۔ چنئی سوپر کنگز نے بنگلورو کی ٹیم کی جانب سے دیے گئے 174 / رنوں کے ہدف کو 19 / اوور میں حاصل کرلیا۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک بار پھر ...**

- ☆ **اِسرو کے خلائی جہاز R L V Pushpak کا کامیابی سے زمین پر نزول**
- ☆ **وزیر اعظم نریندر مودی کو بھوٹان کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز سے نوازا گیا**
- ☆ **میں کسی بھی چناؤ میں حصہ نہیں لے رہا ہوں‘ سینئر رہنما شرد پوار کا اعادہ**
- ☆ **چھترپتی سنبھاجی نگر کے 18 / محصول منڈلوں میں خشک سالی کا اعلان**

**اور**

- ☆ **IPL کرکٹ مقابلوں کا آغاز‘ رائل چیلنجرس بنگلورو کو شکست دے کر چنئی سوپر کنگز فاتح**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆